**NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT**

**REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON CABINET SECRETARIAT ON THE CIVIL SERVANTS (AMENDMENT) BILL, 2025**

I, Chairman of the Standing Committee on Cabinet Secretariat, have the honour to present this report on the Bill further to amend The Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973) [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 13th May, 2025.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| **1)** | **Mr. Ibrar Ahmed** | **Chairman** |
| 2) | Mr. Ehsan-ul-Haq Bajwa | Member |
| 3) | Ms. Tahira Aurangzeb | Member |
| 4) | Ms. Nuzhat Sadiq | Member |
| 5) | Mr. Nelson Azeem | Member |
| 6) | Ms. Farah Naz Akbar | Member |
| 7) | Pir Ameer Ali Shah Jeelani | Member |
| 8) | Makhdoom Jamil-uz-Zaman | Member |
| 9) | Mr. Irfan Ali Leghari | Member |
| 10) | Syed Rafiullah | Member |
| 11) | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| 12) | Ms. Rana Ansar | Member |
| 13) | Mr. Mohammad Awn Saqlain | Member |
| 14) | Mr. Muhammad Aslam Ghumman | Member |
| 15) | Mr. Ali Asghar Khan | Member |
| 16) | Mr. Khurram Munawar Manj | Member |
| 17) | Syed Raza Ali Gillani | Member |
| 18) | Ms. Shandana Gulzar Khan | Member |
| 19) | Sayed Sami Ullah | Member |
| 20) | Ms. Shahida Begum | Member |
| 21) | Minister in-charge of the Cabinet Secretariat | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A**, in its meetings held on 22nd July & 21st August, 2025 and recommended that the Bill may not be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary General
Islamabad, 25th September, 2025

**Sd/-**
**(IBRAR AHMED)**
Chairman

Annex-A

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

**A**

**Bill**

*further to amend the Civil Servants Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient futher to amend the Civil Servants Act, 1973, (LXXI of 1973) to regulate the re-employment of civil servants after retirement from service and ensure parliamentary oversight.

it is hereby enacted as follows:-

1. **Short Title and Commencement**. - (1) This Bill may be called the Civil Servants (Amendment) Bill, 2025.

   (2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of Section 14, Act LXXI of 1973.** - In the Civil Servants Act (LXXI of 1973), in section 14, in sub-section (1), in the proviso, for the full stop at the end, a colon (:), shall be substituted and thereafter the following new proviso shall be inserted, namely:

"Provided further that no civil servant or a government servant, shall be re-employed after retirement from service except with the prior approval of the relevant standing committees of both the Houses of Parliament."

**3. Repeal and Savings.** - (1) Any rules, regulations, or orders inconsistent with this amendment shall, to the extent of such inconsistency, be deemed to have been repealed.

(2) Notwithstanding the repeal, anything done, proceedings undertaken, or action taken under the provisions of the Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973), before the commencement of this amendment, shall remain valid and effective, as if this amendment had not been enacted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

This amendment seeks to enhance transparency and accountability in the re-employment of civil servants after retirement from service by introducing mandatory prior approval from the relevant standing committees of both the Senate and the National Assembly.

**Sd/-**

**MR. USAMA AHMED MELA**

**Members, National Assembly**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء پر قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ، ۱۳ مئی، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب ابرار احمد | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب احسان الحق باجوہ | رکن |
| ۳۔ | محترمہ طاہرہ اورنگزیب | رکن |
| ۴۔ | محترمہ نزہت صادق | رکن |
| ۵۔ | جناب نیلسن عظیم | رکن |
| ۶۔ | محترمہ فرح ناز اکبر | رکن |
| ۷۔ | پیر امیر علی شاہ جیلانی | رکن |
| ۸۔ | مخدوم جمیل الزمان | رکن |
| ۹۔ | جناب عرفان علی لغاری | رکن |
| ۱۰۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۳۔ | جناب محمد عون ثقلین | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد اسلم گھمن | رکن |
| ۱۵۔ | جناب علی اصغر خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب خرم منور منج | رکن |
| ۱۷۔ | سید رضا علی گیلانی | رکن |
| ۱۸۔ | محترمہ شاندانہ گلزار خان | رکن |
| ۱۹۔ | سید سمیع اللہ | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ شاہدہ بیگم | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۲ جولائی اور ۲۱ اگست، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی بل کو منظور نہ کرے۔

دستخط/-
(طاہر حسین)
سیکرٹری جنرل

دستخط/-
(ابرار احمد)
چیئرمین

اسلام آباد، ۲۵ ستمبر، ۲۰۲۵ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

**دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ ریٹائرمنٹ کے بعد سرکاری ملازمین کی دوبارہ ملازمت کو منضبط کرنے اور پارلیمانی نگرانی کو یقینی بنانے کیلئے دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء)، میں مزید ترمیم کی جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے؛

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) بل ہذا دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

۲۔ یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۱۴ کی ترمیم۔** دیوانی ملازمین ایکٹ ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳) میں دفعہ ۱۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، جملہ شرطیہ میں، آخر میں آنے والے وقف کامل کو، شرحہ (:) سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نیا جملہ شرطیہ شامل کیا جائے گا؛ یعنی،

"مزید شرط یہ ہے کہ کسی بھی دیوانی یا سرکاری ملازم کو، پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی متعلقہ قائمہ کمیٹیوں کی پیشگی منظوری کے سواء ریٹائرمنٹ کے بعد دوبارہ ملازمت نہیں دی جائے گی۔"

۳۔ **منسوخی اور بچت۔** (۱) اس ترمیم سے متضاد کوئی بھی قواعد، ضوابط، یا احکامات، اس طرح کی عدم مطابقت کی حد تک، منسوخ تصور کیے جائیں گے۔

(۲) منسوخی کے باوجود، اس ترمیم کے آغاز سے پہلے دیوانی ملازمین ایکٹ ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) کی تصریحات کے تحت کی گئی کوئی چیز یا کارروائی، اس طرح کارآمد اور موثر رہے گی جیسا کہ اس ترمیم کا نفاذ نہیں کیا گیا تھا۔

**بیان اغراض و وجوہ**

اس ترمیم کا مقصد سینیٹ اور قومی اسمبلی دونوں کی متعلقہ قائمہ کمیٹیوں سے لازمی پیشگی منظوری کو متعارف کروا کے ریٹائرمنٹ کے بعد سرکاری ملازمین کی دوبارہ ملازمت میں شفافیت اور جوابدہی میں اضافہ کرنا ہے۔

دستخط/۔
جناب اسامہ احمد میلہ
رکن قومی اسمبلی